نرخ سالانہ دو روپیہ — اُردو کی نئی اور پرانی کتابوں کا خزانہ — رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۸۷۶

ماہنامہ نگارشات امروہہ

جلد ۳ — دسمبر سنہ ۱۹۷۳ء — شمارہ ۵

رستم تولہ۔ بدایوں

محترمی سلام و نیاز

دوران سفر "نگارشات" دیکھنے کا اتفاق ہوا، بہت خوبصورت ہے، پسند آیا، خاص طور سے تبصرے اور تنقیدی مضامین بہت پسند آئے، واقعی نئی نئی کتب کے بارے میں بہت اچھا دلاتا ہے۔ اپنی ترتیب پر مشتمل ایک کتاب "گل کدہ" تبصرے کے لئے بھیج رہا ہوں، اگر مناسب سمجھیں تو تبصرہ فرمادیں ممنون ہونگا۔ آئندہ اپنا نیا ناول "جلتے بجھتے چراغ" بھیجونگا امید ہے جلد احباب بخیر ہونگے۔

مخلص جیا جلیبی سہسوانی

کانپور۔ ۲۶ دسمبر ۷۳ء

مکرمی۔ سلام مسنون

آپ کا نگارشات ملا جس میں ہے جو آپ کی کد و کاوش کا آئینہ ہے، اس میں گرانقدر مضامین ہیں جن کا انتخاب تمام تر ادبی رنگارنگی، شعری لطافتوں اور مستقل عنوانات کے اعتبار سے معیاری ہے۔ خواجہ میر درد پر تبصرہ نگار نے بہت ہی دلچسپ انداز میں موضوع کا حق ادا کیا ہے۔ نگارشات اردو ادب کی قندیل زیادہ روشن اور ضیا بار کرنے میں معاون ہے۔

خدا آپ کو مقصد میں کامیاب کرے اور نگارشات ارتقائی منازل طے کرکے اردو ادب میں ثبات حاصل کرے۔

ضیا جعفری

بک کارنر دانشمندان اسٹریٹ امروہہ ۲۲۳۲۲۱

ا

اندازِ نظر

قیصر تمکین نقوی ایم۔ ایس۔ سی، بی ایڈ لیکچرر اسلامیہ کالج بریلی

۱- ابتدائی علمِ عروض

ناشر: بزمِ نادم کھام گاؤں (مہاراشٹر) قیمت ایک روپیہ

یہ سید سبحان انجم صاحب کی تالیف ہے جو مبتدیوں میں علمِ عروض کا ذوق پیدا کرنے کے لئے کافی دلنشین انداز میں ترتیب دی گئی ہے۔ صاحبِ تالیف فنِ عروض سے اچھی طرح واقف ہیں اسلئے اُن کی اس مختصر کتاب میں چند ایسی خصوصیات بھی ہیں جو عام مروجہ کتب میں نہیں ہیں۔ ترتیب و وضاحت قابلِ تعریف ہے، علمِ عروض سے دلچسپی رکھنے والے قارئین کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیئے۔

۲- گل کدہ

ناشر: شعبۂ نشریات و اشاعت ج کے منزل سہسوان - بدایوں (یو، پی)

قیمت دو روپے پچاس پیسے

افسانوں اور غزلوں کا مجموعہ۔ جناب جلیس سہسوانی نے مرتب کیا ہے جس میں کرشن حیدر، جلیس سہسوانی، رحمٰن حیدری - ایم، ایم اے پریم کھلاوی۔ ڈاکٹر حمید احمد آرزو۔ شاہد حسین آروی - حامد احمد گرامی، بیدر فرزانہ پروین، حیدر آبادی - ایم، اے نصیر۔ ڈاکٹر اظہار، ایچ اسرائیلی، صغیر اللہ اشرف بلدیوانی کے افسانے اور چند شاعروں کی غزلیں شامل ہیں۔ گل کدہ کو قدیم و جدید فنکاروں کی تخلیقات کا سنگم بنایا گیا ہے۔

۳- چند عکسی تحریریں

جناب گوردیال سنگھ صاحب مجذوب ایم، اے (عربی) قابلِ مبارکباد ہیں کہ انہوں نے بابا نانک کے سفرِ بغداد سے متعلق چند عربی تحریروں کو مع اردو ترجمہ ترتیب دے کر نہایت خوبصورت انداز میں جناب پروفیسر خواجہ محمد عبدالحیٰ صاحب صدر شعبۂ فلسفہ دیال سنگھ کالج دہلی یونیورسٹی کے پیش لفظ کے ساتھ شائع فرمایا ہے۔ قیمت درج نہیں ہے۔

طباعت و کتابت اعلیٰ درجہ کی ہے۔ مولف سے B - 111 راجانی باغ، شکور بستی۔ نئی دہلی ۳۴ کے پتہ پر حاصل کی جاسکتی ہے۔

(اکوہ نور پریس دہلی)

زرِ سالانہ وو روپے

ماہنامہ

نگارشات

اُردو کی نئی اور پرانی مطبوعات کا خبرنامہ

امروہہ

رجسٹرڈ نمبر ایل 1646

بہترین ساتھی، بہترین دوست - بہترین رہنما -

زِنداں نامہ

فیض کی شاعری عصری رجحانات رکھتے ہوئے بھی انقلاباتِ زمانہ سے ماوراء ہے لافانی اور لازوال ہے - اس کے بغیر اُردو ادب کی تاریخ مکمل نہیں ہوتی - قیمت دو روپے

دستِ صبا

جب تک ہم اور آپ زندہ ہیں اور ہمارے دلوں میں اپنے عظیم ورثے کو آنے والی نسلوں کے ہاتھوں میں سونپنے کا جذبہ زندہ ہے فیض کی شاعری زندہ رہیگی - قیمت دو روپے -

نقشِ فریادی

فیض کی آواز انسانیت کی آواز ہے اور اس کی شاعری انسانی جذبات اور فکر و عمل کی بہترین ترجمان ہے - ان تینوں کتابوں میں فیض کا بہترین کلام اکٹھا کر دیا گیا ہے - قیمت دو روپے

سُسرال

اُردو کے مشہور و معروف ظرافت نگار شوکت تھانوی کا مشہور و معروف ناول کہتے ہیں انسان وہ مخلوق ہے اسلئے افضل ہے کہ وہ ہنس سکتا ہے تو لیجئے آپ بھی ہنسئے!
قیمت دو روپے علاوہ محصول

گجر

قتیل شفائی کا مجموعۂ کلام قتیل کی شاعری روزمرہ کی زندگی میں کام آنے والی شاعری ہے - یہ شاعری پڑھنے والے کو فوراً آواز محسوس ہوتی ہے -

بک کارنر دانشمندان اسٹریٹ امروہہ 22221 یو پی

ماہنامۂ

ہاشمی امروہہ کا

اگر آپ نے ابھی تک مطالعہ نہیں کیا ہے تو آپ بہت بڑے فائدہ سے محروم ہیں -

ماہنامہ ہاشمی

آپ کی جسمانی اور روحانی اصلاح کے علاوہ ہر ماہ آپ کو روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرتا ہے

آج ہی

اپنے اخبار فروش سے اپنی کاپی محفوظ کرا لیجئے ـــ یا پھر "دفتر ماہنامہ ہاشمی امروہہ" کو زرِ سالانہ -/8 روپے روانہ فرمائیں

نمونے کے لئے

پچھتر پیسے کے ٹکٹ بھیجئے

منیجر ہاشمی امروہہ

اُردو کی اعلیٰ طباعت کیلئے

یاد رکھیئے!

ایم، ایم لیتھو پریس

دانشمندان روڈ - امروہہ

★ ـــــ کتابت کی آسانی

★ ـــــ پروف ریڈنگ اور سنگسازی کی ذمہ داری

★ ـــــ حکومتِ ہند سے اعلیٰ طباعت پر انعام یافتہ کارکنان کی سرپرستی۔

★ ـــــ بہترین چھپائی

★ ـــــ وعدہ پر کام کی تکمیل

ہمارے اصول ہیں!

منیجر:- ایم - ایم لیتھو پریس دانشمندان امروہہ